| Paper Code Number: 4023 | 2023 (1st-A)<br>انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں ) | رول نمبر ________ |
|---|---|---|

| کل نمبر = 20 | وقت = 20 منٹ | معروضی | گروپ-پہلا | اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا |
|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1- ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

MTN-12-1-23

**نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ایوب عباسی کا قد مشکل سے ________ فٹ تھا۔ | پانچ | ساڑھے پانچ | سوا پانچ | چار |
| 2 | پورے افغانستان میں مطبعوں کی تعداد ________ تھی۔ | پچاس | پندرہ | پانچ | پچیس |
| 3 | ٹیلی گرافی کا آلہ ________ نے ایجاد کیا۔ | اینلے کورس | فنلے مورس | کنگلے ٹورس | بنگلے نورس |
| 4 | دادا ابا نے ہم سب کو ایک ایک ________ دی۔ | برفی | گرتی | اشرفی | ٹافی |
| 5 | پشاور میں مصنف نے ________ ہوٹل میں قیام کیا۔ | ڈبن | ڈائن | ڈیوائن | ڈِین |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | اگر محنت کرو گے ________ پاس ہو جاؤ گے۔ | پھر | تو | مگر | لیکن |
| 7 | اگرچہ وہ غریب ہے ________ ایماندار ہے۔ | اس لیے | چنانچہ | تیکن | لہذا |
| 8 | علی نے قلم، کتاب اور کاپی :۔ | خریدیں | خریدے | خریدا | خریدی |
| 9 | روپیہ، پیسہ، مال اسباب کچھ نہ :۔ | رہے | رہا | رہی | رہیں |
| 10 | " قصص الانبیا " چھپ :۔ | چکے ہیں | چکیں ہیں | چکی ہے | چکا ہے |

**رموز اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | " " یہ ________ کی علامت ہے۔ | قوسین | فجائیہ | تفصیلیہ | واوین |
| 12 | ندائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے۔ | تفصیل بتانے کے لیے | استفہامیہ جملوں میں | جملے کے خاتمے پر | مخاطب کرنے کے لیے |
| 13 | مخاطب کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔ | :- | ؟ | : | ! |
| 14 | علامت کا درست استعمال کس جملے میں ہے؟ | آہا؛ ہم میچ جیت گئے۔ | آہا:- ہم میچ جیت گئے۔ | آہا! ہم میچ جیت گئے۔ | آہا: ہم میچ جیت گئے۔ |
| 15 | وضاحتی جملے کے گرد علامت لگاتے ہیں۔ | قوسین | ختمہ | واوین | سکتہ |

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیش نظر درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | دینا | مجھے کاپی دینا۔ | اس نے سب کو ہنسا دیا۔ | اسے پانی دو۔ | اسے امتحان دینا ہے۔ |
| 17 | آنا | تم آ جاؤ۔ | سب آ گئے۔ | وہ کیوں نہیں آیا؟ | لو چاند نکل آیا۔ |
| 18 | ہونا | اسے کیا ہوا ہے؟ | لوگ سوئے ہوئے ہیں۔ | جو ہوا غلط ہوا۔ | اسے بخار نہیں ہوا۔ |
| 19 | بیٹھنا | کبوتر مینار پر جا بیٹھا۔ | وہ بیٹھ کر نماز پڑھتا ہے۔ | وہ کرسی پر بیٹھا ہے۔ | وہ زبردستی یہاں بیٹھ گیا۔ |
| 20 | نکلنا | نتیجہ نکل آیا۔ | تم کہاں سے نکل آئے؟ | اس کا کاروبار چل نکلا۔ | سب نکلو یہاں سے۔ |



www.taleem360.com

رول نمبر ________ 2023 (1st-A)

MTN-12-1-23

## انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

**اردو ( لازمی )** **پرچہ - دوسرا** وقت = 2.40 گھنٹے

**گروپ - پہلا** **اِنشائیہ** کل نمبر = 80

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

### حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

بلائیں شاخِ گل کی لیں نسیمِ صبح گاہی نے ہوئیں کلیاں شگفتہ روئے رنگینِ بتاں ہو کر

کیا پھولوں نے شبنم سے وضو صحنِ گلستاں میں صدائے نغمۂ بُلبل اُٹھی بانگِ اذاں ہو کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

وائے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھ کو آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا

عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنّا مت پوچھ عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنّائے نشاط تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

### حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) بنوامیّہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ اُنھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا، اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔ عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس بدعت کو بالکل مٹا دیا۔

(ب) اتفاقاً ایک میدان وسیع میں تختہ پھولوں کا کھلا کہ اس سے عالم مہک گیا مگر بُو اس کی گرم اور تیز تھی۔ تاثیر یہ ہوئی کہ لوگوں کی طبیعتیں بدل گئیں اور ہر ایک کے دل میں خود بخود یہ کھٹک پیدا ہوئی کہ سامانِ عیش و آرام کا جو کچھ ہے میرے ہی کام آئے اور کے پاس نہ جائے۔ اس غرض سے اس گلزار میں گلگشت کے بہانے کبھی تو فریب کے جاسوس اور کبھی سینہ زوری کے شیاطین آ کر چالاکیاں دکھانے لگے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) نواب محسن الملک (ii) مولانا ظفر علی خاں

5۔ نصاب میں شامل احسان دانش کی نظم "تغیر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) والدین کے حقوق (ii) اُردو زبان ضرورت واہمیت (iii) ماحولیاتی آلودگی

7۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے حوالے سے مدیر کے نام خط تحریر کریں۔ 10



www.taleem360.com

| Paper Code Number: 4026 | 2023 (1st-A)<br>انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں ) | رول نمبر __________ |
|---|---|---|

| کل نمبر = 20 | وقت = 20 منٹ | معروضی | گروپ۔دوسرا | پرچہ ۔ دوسرا | اردو ( لازمی ) |
|---|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

MTN-12-2-23

**نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | موبائل فون کا دوسرا نام ________ ہے۔ | ہیڈفون | کارفون | گراموفون | ایئرفون |
| 2 | زبیر کی دایہ کا نام ________ تھا۔ | سکینہ | رضیہ | رقیہ | حلاوہ |
| 3 | سرسید کی وفات کے بعد علی گڑھ کالج کے سیکرٹری بنے۔ | الطاف حسین حالی | نواب محسن الملک | نذیر احمد دہلوی | نواب وقار الملک |
| 4 | بیگم اختر ریاض الدین کی جائے پیدائش ہے۔ | کلکتہ | لاہور | ڈھاکہ | پشاور |
| 5 | مولوی نذیر احمد کے لیے کون سا خطاب تجویز ہوا؟ | شمس العلماء | بہادر یار جنگ | غیور جنگ | خان بہادر |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | باپ، بیٹا، بہن، بھائی، بیوی، کوئی ساتھ نہ ________ | جائے گی | جائیں گیں | جائیں گے | جائے گا |
| 7 | میرے پاس موٹر سائیکل ہے ________ اُس کے پاس کار ہے۔ | چاہے | کیوں کہ | جب کہ | تاکہ |
| 8 | وہ بے نماز ہے ________ تعلیم یافتہ ہے۔ | حالاں کہ | تاکہ | ورنہ | نیز |
| 9 | قلم دوات میز پر ________ | پڑے ہیں | پڑا ہے | پڑی ہے | پڑی ہیں |
| 10 | " کلیات اقبال " چھپ ________ | گئی ہے | گئے ہیں | گئیں ہیں | گیا ہے |

**رموز اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | عزیز طلبہ ________ محنت کیجیے۔ | سکتہ | ندائیہ | رابطہ | ختمہ |
| 12 | " " علامت ہے۔ | واوین | قوسین | سکتہ | رابطہ |
| 13 | رابطہ کی علامت ہے۔ | ؛ | - | :- | : |
| 14 | ندائیہ کی تعریف ہے۔ | مکمل ٹھہراؤ | زیادہ ٹھہراؤ | سوال پوچھنا | پکارنا |
| 15 | آپ کب تشریف لائیں گے ________ | ؛ | ، | ؟ | : |

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیش نظر درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | ہونا | وہ کافی موٹا ہوگیا ہے۔ | یہ تو آخر ہونا ہی تھا۔ | وہ بیمار ہوگیا۔ | آج موسم بدلا ہوا ہے۔ |
| 17 | نکلنا | اس کا پرائز بانڈ نکلا۔ | چور بھاگ نکلا۔ | دن نکل آیا۔ | بچے کامیاب نکلے۔ |
| 18 | لینا | ذرا سانس لینا، پھر چلنا | اُس نے بھی قرض لیا ہے۔ | کاش وہ محنت کر لیتا۔ | وہ ماں کی دُعائیں لیتا ہے۔ |
| 19 | اُٹھنا | وہ صبح سویرے اُٹھتا ہے۔ | آگ بھڑک اُٹھی۔ | اُٹھو، جلد گھر جاؤ۔ | کسی چیز کو نہ اُٹھانا۔ |
| 20 | رکھنا | اس نے سامان باندھ رکھا ہے۔ | کتاب میز پر رکھ دو۔ | اُس نے روزہ رکھا ہوا ہے۔ | تم نے سامان کہاں رکھنا ہے؟ |



www.taleem360.com

رول نمبر ____________

2023 (1st-A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

MTN-12-2-23

اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - دوسرا

انشائیہ

کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

بچھا فرشِ زمرّد اہتمامِ سبزۂ تر میں چلی مستانہ وش بادِ صبا عنبر فشاں ہو کر
عروجِ نشۂ نشوونما سے ڈالیاں جھومیں ترانے گائے مرغانِ چمن نے شادماں ہو کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

پردۂ خاک میں سو، سو رہے جا کر افسوس پردۂ رخسار پہ کیا کیا مہِ تاباں لے کر
ابر کی طرح سے کر دیویں گے عالم کو نہال ہم جدھر جاویں گے، یہ دیدۂ گریاں لے کر
پھر گئی سوئے اسیرانِ قفس بادِ صبا خبر آمدِ ایامِ بہاراں لے کر

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) اقبالؒ کا خیال ہے کہ انسان اطاعت، ضبطِ نفس اور نیابتِ الٰہی کی تین منزلیں طے کرتا ہوا خودی کی انتہائی بلندی پر پہنچ سکتا ہے۔ اس ارتقاء میں اسے مذہب کی رہنمائی درکار ہے۔ اقبالؒ نے چار چیزوں پر زور دیا: اوّل توحید، جس پر پورا ایمان عملاً انسان کو خوف و مایوسی سے آزاد کر دیتا ہے نیز توحیدِ الٰہی، توحیدِ انسانی میں پرتو افگن ہوتی ہے۔ دوم، رسول اکرم خاتم النَّبِیّن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت اور ان کی مکمل تقلید۔ سوم، قرآن کا مطالعہ اور اس کی تعلیمات کی پیروی۔ چہارم، رجائیت یعنی مایوسی اور غم پسندی کو ترک کر کے امید، ہمت اور جرأت کی راہ اختیار کرنا۔

(ب) غرض پہلی ہی ملاقات میں مزاج دار نے مُجّن کے ساتھ ایسی بے تکلفی کی کہ اپنا حال جزو و کل اس سے کہہ دیا اور مُجّن نے باتوں ہی باتوں میں تمام بھید معلوم کر لیا۔ ایک پہر کامل مُجّن بیٹھی رہی۔ رُخصت ہونے لگی تو مزاج دار نے بہت منّت کی کہ اچھی بی مُجّن، اب کب آؤ گی؟ مُجّن نے کہا: ''میری بھانجی موم گروں کے چھتے میں رہتی ہے اور بہت بیمار ہے۔ اسی کے علاج کے واسطے میں آگرے سے آئی ہوں۔ اس کے دوا معالجے سے فرصت کم ہوتی ہے مگر ان شاء اللہ دوسرے تیسرے دن تم کو دیکھ جایا کروں گی۔''

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) محنت پسند خردمند (ii) قرطبہ کا قاضی

5۔ نصاب میں شامل مولانا الطاف حسین حالی کی نظم ''اسلامی مساوات'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) محسن انسانیتﷺ (ii) نوجوان نسل کے مسائل (iii) وطن سے محبت

7۔ دوست کی والدہ کی وفات پر تعزیت کا خط تحریر کیجیے۔ 10



www.taleem360.com